رمضان کی قضاء کی موجودگی میں عاشوراء کا روزہ رکھنا

[الأُردية –اُردو–Urdu]

فتوی: شعبہ علمی اسلام سوال وجواب سائٹ

ترجمہ: اسلام سوال وجواب سائٹ

مراجعہ و تنسیق: عزیز الرّحمن ضیاء اللہ سنابلی

صوم عاشوراء لمن عليه قضاء رمضان

فتوى: القسم العلمي بموقع الإسلام سؤال وجواب

ترجمة: موقع الإسلام سؤال وجواب

مراجعة وتنسيق:عزيز الرحمن ضياء الله السنابلي

21787: رمضان کی قضاء کی موجودگی میں عاشوراء کا روزہ رکھنا

سوال: میرے ذمہ رمضان کی قضاء کرنا باقی ہے اور میں عاشوراء کا روزہ رکھنا چاہتا ہوں، تو کیا میرے لیے قضاء سے قبل عاشوراء کا روزہ رکھنا جائز ہے؟

اور کیا میں عاشوراء، دس اور گیارہ محرم کا روزہ رمضان کی قضاء کی نیت سے رکھ سکتا ہوں، اور کیا مجھے عاشوراء کے روزے کا اجر وثواب حاصل ہو گا؟

بتاریخ 21-11-2012 کو نشر کیا گیا

جواب:

الحمدللہ :

اول : جس شخص پر رمضان المبارک کے ایک یا ایک سے زیادہ دنوں کی قضاء کرنا باقی ہو وہ نفلی روزہ نہ رکھے، بلکہ وہ اپنی قضاء سے ابتداء کرے اور پھر بعد میں نفلی روزے رکھے .

دوم : جب وہ دس اور گیارہ محرم الحرام کا روزہ رمضان المبارک کے چھوڑے ہوئے روزوں کی قضاء کی نیت سے روزہ رکھے تو یہ جائز ہے، اور یہ اس کے ذمہ دو دن کی قضاء ہو گی، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

" اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے، اور ہر شخص کے لیے وہی کچھ ہے جو اس نے نیت کی "۔

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیہ والافتاء (۱۱ / ۴۰۱)

اور امید رکھی جاسکتی ہے کہ آپ کو اس دن کے روزے اور قضاء کا اجروثواب حاصل ہوگا .

دیکھیں: فتاوی منار الاسلام، للشیخ محمد ابن عثیمین رحمہ اللہ (۲ / ۳۵۸)

واللہ اعلم.

الاسلام سوال وجواب

(طالبِ دُعا: azeez90@gmail.com)